7701

E-I

Unique Paper Code : C - 112

Name of Course : B. Com. III

Name of the Paper : Urdu B

Time : 3 Hours **M.M.: 100**

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔ 15

(الف)

الوپی دین نے ایک قانونی تحریر نکالی۔ ان کے سامنے دھر کر بولے ''اس مختار نامے کو ملاحظہ فرمایئے اور اس پر دستخط کر دیجئے۔ میں برہمن ہوں جب تک سوال پورا نہ ہوگا دروازے سے نہ ٹلوں گا۔'' منشی بنسی دھر نے مختار نامے کو پڑھا تو شکریہ کے ساتھ آنسو آنکھوں میں آگئے۔ پنڈت الوپی دین نے انہیں اپنی تمام ملکیت کا مختار عام قرار دیا تھا۔ چھ ہزار سالانہ تنخواہ، جیب خرچ کے لیے روزانہ خرچہ، سواری کے لیے گھوڑا۔ اختیارات غیر محدود - کانپتی ہوئی آواز سے بولے - ''پنڈت جی! میں کس زبان سے آپ کا شکریہ ادا کروں کہ آپ نے مجھے ان عنایاتِ بے گراں کے قابل سمجھا۔ لیکن میں آپ سے سچ عرض کرتا ہوں کہ میں اتنے اعلیٰ رتبے کے قابل نہیں۔''

(ب)

تیسری خصوصیت کیا ریختہ میں اور کیا فارسی میں، کیا نظم میں اور کیا نثر میں۔ باوجود سنجیدگی و متانت کے شوخی و ظرافت ہے۔ چوتھی خصوصیت مرزا کی طرز ادا میں ایک خاص چیز ہے جو اوروں کے ہاں بہت کم دیکھی گئی ہے۔ جس کو مرزا اور دیگر ریختہ گویوں کے کلام میں ما بہ الامتیاز کہا جا سکتا ہے۔ ان کے اکثر اشعار کا بیان ایسا پہلودار واقع ہوا ہے کہ بادی النظر میں اس سے کچھ اور معنی مفہوم ہوتے ہیں مگر غور کرنے کے بعد اس میں ایک دوسرے معنی نہایت لطیف پیدا ہوتے ہیں جن سے وہ لوگ جو بظاہر معنوں پر قناعت کر لیتے ہیں لطف نہیں اٹھا سکتے۔

۲۔ مندرجہ ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔ سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے۔ 15

(الف)

بھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں — الٰہی ترک الفت پر وہ کیوں کر یاد آتے ہیں
نہ چھیڑ اے ہم نشیں کیفیتِ صہبا کے افسانے — شرابِ بے خودی کے مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں
رہا کرتے ہیں قید ہوش میں اے وائے ناکامی — وہ دشتِ خود فراموشی کے چکر یاد آتے ہیں
نہیں آتی تو یاد ان کی مہینوں تک نہیں آتی — مگر جب یاد آتے ہیں تو اکثر یاد آتے ہیں

حقیقت کھل گئی حسرتؔ ترے ترکِ محبت کی
تجھے تو اب وہ پہلے سے بھی بڑھ کر یاد آتے ہیں

(ب)

خورشید وہ دیکھو ڈوب گیا، ظلمت کا نشاں لہرانے لگا
مہتاب وہ ہلکے بادل سے چاندی کے ورق برسانے لگا
وہ سانولے پن پر میداں کے، ہلکی سی صباحت دوڑ چلی
تھوڑا سا ابھر کر بادل سے، وہ چاند جبیں جھلکانے لگا
لو ڈوب گیا پھر بادل میں، بادل میں وہ خط سے دوڑ گئے
لو پھر وہ گھٹائیں چاک ہوئیں، ظلمت کا قدم تھرانے لگا
بادل میں چھپا تو کھول دیے، بادل میں دریچے ہیرے کے
گردوں پہ جو آیا تو گردوں دریا کی طرح لہرانے لگا
سمٹی جو گھٹا تاریکی میں چاندی کے سفینے لے کے چلا
سنکی جو ہوا تو بادل کے گرداب میں غوطے کھانے لگا

۳۔ حالی کی نثر نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔ 15

یا

پریم چند کے افسانے نمک کا داروغہ کا خلاصہ لکھیے۔

۴۔ حسرتؔ کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔ 15

یا

اقبال کی نظم 'بزم انجم' کا مرکزی خیال لکھیے۔

۵۔ بچت کھاتے کی کسی اسکیم کے لیے ایک اشتہار بنائیے۔ 20

یا

کسی الیکٹرانک پراڈکٹ کا لیک ریڈیو اشتہار بنائیے۔

۶۔ مندرجہ ذیل انگریزی اصطلاحوں میں سے کسی دس کے انگریزی متبادل لکھیے۔ 20

1) Test check
2) Transferable Account
3) Rating Trade
4) Rating
5) Third party Insurance
6) Teller
7) Third account
8) Tag Transport
9) Termbond
10) Texture
11) Target Risk
12) Trade
13) Total Loss
14) Target

....